نوجوانوں سے خطاب تالیف: اسعد اللہ خان بی۔ ایس سی علیگ

ملنے کا پتہ: اسعد اللہ خان ہومیوپیتھ۔ اکبر روڈ۔ کراچی ۱

صفحات: ۳۵۱ قیمت چھ روپے

عمرانیات طب پر ماضی میں بعض مفید کتب لکھی گئی تھیں۔ آج یورپ میں اس موضوع پر ہر سال متعدد کتابیں شائع ہوتی رہتی ہیں مگر دورِ حاضر کے سرمایہ اُردو میں اس نوعیت کی کتابیں بہت کم ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے نوجوان اس موضوع پر مغربی لٹریچر کا مطالعہ کرتے ہیں جس سے ان کے اندر تخریبی رجحانات اُبھرنا شروع ہو جاتے ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں نوجوانوں کو اپنی جوانی کے تحفظ اور بُری عادات سے اپنے آپ کو بچانے کے لیے مفید مشورے دیے گئے ہیں۔ کاش اس کتاب کا انداز بیان زیادہ سلجھا ہوا ہوتا تاکہ نوجوان اسے دلچسپی کے ساتھ مطالعہ کرتے۔ لیکن اس کمی کے باوجود یہ کتاب مفید ہے۔

آئینہ حق تالیف: مولانا ابو النصر منظور احمد شاہ صاحب

ناشر: مکتبۂ فریدیہ ہائی سٹریٹ ساہیوال۔

صفحات: ۱۲۵ قیمت: ساڑھے چھ روپے

کتاب کے فاضل مصنّف ذہنی اعتبار سے مناظر ہیں اس لیے انھوں نے مسیحوں کی طرف سے اُٹھائے جانے والے اعتراضات کو یکجا کر کے اُن کے جوابات تحریر کر دیے ہیں۔ مباحث کے چند عنوانات یہ ہیں:

وراثت ابراہیمی میں ذبیح اللہ کون ہے، ردّ الوہیت، تردید مسئلہ کفارہ، تردید عقیدہ تثلیث، تحریف بائیبل۔ تناقضات بائیبل۔

کتاب اگرچہ مختصر ہے مگر بہت سے موضوعات پر محیط ہے۔ انداز بیان مناظرانہ ہے۔ طباعت اور کتابت معیاری ہے۔